Cerebral Palsy ALLIANCE

CPA معلوماتی پرچہ

# سیریبرل پالزی

## سیریبرل پالزی کیا ہے؟

سیریبرل پالزی یا CP ایسے نقائص کے لیے ایک مشترکہ اصطلاح ہے جو انسان کی حرکت کی اہلیت کو متاثر کرتے ہیں۔ سیریبرل کا مطلب ہے 'جس کا تعلق دماغ سے ہو' اور پالزی سے مراد 'پٹھوں پر کنٹرول کی کمی' ہے۔

## سیریبرل پالزی کی اقسام

سیریبرل پالزی پٹھوں کے کنٹرول اور ربط پر اثر انداز ہوتی ہے لہذا انسان کے جسم کے انداز، حرکت اور توازن پر اثر پڑتا ہے۔ سیریبرل پالزی رکھنے والے کچھ لوگوں کو نظر، سماعت، گویائی اور سیکھنے میں بھی مسائل ہوتے ہیں۔ کچھ کو مرگی ہوتی ہے۔

شدید سیریبرل پالزی رکھنے والے لوگوں کو نگلنے، سانس لینے اور کھانے میں بھی مشکل ہو سکتی ہے۔ انہیں اپنے سر اور گردن کو کنٹرول کرنے میں مشکل ہو سکتی ہے اور پیشاب اور پاخانے پر قابو رکھنے میں بھی مشکل ہو سکتی ہے۔

کچھ لوگوں کے جسم کا ایک پہلو دوسرے پہلو کی نسبت زیادہ متاثر ہوتا ہے۔ کچھ کا تجربہ یہ ہے کہ انکے بازوؤں کی نسبت ٹانگیں کہیں زیادہ متاثر ہوتی ہیں۔

ہر شخص مختلف ہوتا ہے۔ ممکن ہے ایک شخص کو ایک ہاتھ میں کمزوری ہو اور اس کے لیے لکھنے یا جوتے کے تسمے باندھنے جیسے کام مشکل ہو سکتے ہیں۔ ممکن ہے کسی اور شخص کا اپنی حرکتوں اور گویائی پر کنٹرول بہت کم ہو یا بالکل کنٹرول نہ ہو اور اسے دن رات مدد کی ضرورت ہو۔

## وجوہ

سیریبرل پالزی رکھنے والے اکثر لوگوں کے سلسلے میں وجہ نامعلوم ہوتی ہے اور اس کی کوئی ایک وجہ نہیں ہے۔ یہ دماغی چوٹ کی وجہ سے ہوتی ہے جو بالعموم بچے کو ماں کے پیٹ میں یا زندگی کے پہلے مہینے میں پیش آتی ہے۔

### کن شیرخوار بچوں کے لیے خطرہ سب سے زیادہ ہے؟

شیرخوار بچوں کے لیے دوسروں کی نسبت سیریبرل پالزی کا خطرہ تب زیادہ ہوتا ہےجب:

- وہ لڑکے ہوں
- وہ چھوٹی جسامت کے ساتھ پیدا ہوئے ہوں
- وہ وقت سے پہلے پیدا ہوئے ہوں
- وہ دو یا تین جڑواں بچوں میں سے ایک ہوں
- انکی ماں کو حمل کے دوران انفیکشن ہوا ہو
- پیدائش کے دوران کوئی مسئلہ ہوا ہو۔

سیریبرل پالزی رکھنے والوں میں سے تقریباً 1٪ کے کسی بھائی یا بہن کو بھی یہی کیفیت لاحق ہو گی۔

## علامات

پیدائش کے وقت سیریبرل پالزی کی سب علامات نظر نہیں آتیں۔ شیرخواری اور بچپن میں نشوونما کے ساتھ ساتھ علامات زیادہ نمایاں ہو سکتی ہیں۔

### شیرخوار بچے

سیریبرل پالزی رکھنے والے شیرخوار بچوں کے سلسلے میں ہو سکتا ہے کہ:

- جب انہیں اٹھایا جائے تو انکا بدن ڈھیلا سا لگے
- وہ اپنا سر نہ سنبھال سکیں
- انکے پٹھے اکڑے ہوئے محسوس ہوں
- وہ نشوونما میں سست ہوں
- انہیں کھانے پینے یا نگلنے میں مشکلات ہوں
- وہ اپنے جسم کے ایک پہلو کے استعمال کو ترجیح دیں
- وہ زیادہ آوازیں نہ نکالتے ہوں
- وہ آپ کی موجودگی کا زیادہ احساس نہ کرتے ہوں۔

### بچے

جسمانی نشوونما میں تاخیر ہو سکتی ہے اور ممکن ہے کہ بچے:

- 12 سے 18 مہینوں کی عمر تک چلنا شروع نہ کریں
- 24 مہینوں کی عمر تک الفاظ یا سادہ فقرے بولنا نہ شروع کریں
- اس طرح بولیں کہ سمجھنا مشکل ہو
- بعض قسموں کی چیزیں کھانے یا پینے کو مشکل پاتے ہوں۔

اگر آپکا بچہ نشوونما کے عام سنگ میل پورے نہ کر رہا ہو یا اگر وہ سیریبرل پالزی کی ان علامات میں سے کچھ علامات ظاہر کر رہا ہو تو آپ کو چھوٹے بچوں کی نرس یا ڈاکٹر سے بات کرنی چاہیے۔

**CPA میں ہم اعصابی اور جسمانی معذوریوں کے ساتھ جینے والے شیرخوار بچوں، بچوں، ٹین ایجر بچوں اور بالغوں کی مدد کرتے ہیں تاکہ وہ ہر ممکن حد تک آرام اور خودمختاری سے زندگی گزار سکیں۔ ہماری تھراپی ٹیمیں کئی طریقوں سے افراد اور گھرانوں کے ساتھ کام کرتی ہیں۔ ہم سے رابطہ کر کے پتہ کریں کہ ہم کیسے آپکی مدد کر سکتے ہیں اور آپکے بچے کی نشوونما بہتر بنا سکتے ہیں۔**

## تشخیص

سیریبرل پالزی ایک پیچیدہ کیفیت ہے۔ کبھی کبھار اس کی تشخیص میں لمبا وقت لگ سکتا ہے اور بار بار ٹیسٹوں کے لیے اور سپیشلسٹوں کے پاس جانا پڑتا ہے۔ یہ اس وجہ سے ہو سکتا ہے کہ بچے کو ہلکی قسم کی سیریبرل پالزی ہو لیکن اسکی وجہ یہ بھی ہو سکتی ہے کہ ڈاکٹر کو یہ یقینی بنانے کی ضرورت ہو کہ یہ کوئی اور کیفیت نہیں ہے۔

کبھی کبھار ایک شیرخوار بچے کی حرکتوں کا عمومی جائزہ (اسیسمنٹ) ہو گا جس میں اس کی پانچ منٹ کی وڈیو بنائی جائے گی۔ ایک ماہر صحت جائزہ لیتا ہے کہ بچہ کیسے حرکت کرتا ہے۔ یہ جائزہ پیدائش سے لے کر پانچ مہینے کی عمر تک کسی بھی وقت ہو سکتا ہے۔ اگر حرکتوں کے عمومی جائزے سے پتہ چلے کہ شیرخوار بچے کو 'سیریبرل پالزی کا خطرہ' ہے تو جلد از جلد علاج اور مدد شروع ہو سکتی ہے۔ علاج شروع کروانے کے لیے بچے کو واضح تشخیص کی ضرورت نہیں ہوتی۔

اگر آپ کو فکر ہو تو اپنے ڈاکٹر اور چھوٹے بچوں کی نرس سے بات کریں۔ اگر آپکی فکر کا کوئی حل نہ کیا جائے تو کسی اور ماہر سے رائے لیں۔

### ڈاکٹر سیریبرل پالزی کی تشخیص کیسے کرتے ہیں؟

وہ بچے کی حرکتوں پر اور اس پر خاص توجہ دیں گے کہ اسکے پٹھے کیسے محسوس ہوتے ہیں۔ ڈاکٹر جسم کے غیرمعمولی رخ یا انداز پر بھی غور کریں گے یا دیکھیں گے کہ کیا بچہ ایک پہلو کو دوسرے پہلو کی نسبت ترجیح دیتا ہے۔

ڈاکٹر MRI یا CT جیسے سکین بھی کروا سکتے ہیں۔ اور وہ آپ سے بات کریں گے اور آپکی فکر کے بارے میں سنیں گے۔

## سیریبرل پالزی کے ساتھ زندگی

سیریبرل پالزی کی تشخیص سے بہت دکھ ہو سکتا ہے۔ کچھ والدین سوچتے ہیں کہ انہیں پتہ ہونا چاہیے تھا یا کسی طرح وہ خود اسکی وجہ ہیں۔ یہ درست نہیں ہے۔ جو بہت کچھ ہو رہا ہو، گھرانوں کو اسے قبول کرنے کے لیے وقت لگے گا۔ کسی ڈاکٹر، ماہر نفسیات، کاؤنسلر یا سوشل ورکر اور سیریبرل پالزی الائنس سے بات کرنے سے بہت فائدہ ہو سکتا ہے۔

## علاج اور تھراپی

بہترین تو یہ ہے کہ متعدّد شعبوں سے تعلق رکھنے والی ٹیم سیریبرل پالزی رکھنے والے بچوں کی نگہداشت کرے جس میں یہ ماہرین شامل ہو سکتے ہیں:

- جی پی
- سپیشلسٹس جیسے بچوں کا سپیشلسٹ، ماہر اعصاب، سرجن یا دوسرے سپیشلسٹ
- آکوپیشنل تھراپسٹ جو بچوں کو خود کپڑے پہننے یا خود کھانے جیسے کاموں میں مدد دیتا ہے اور وہ موزوں کھیل کی سرگرمیوں کا مشورہ دے سکتا ہے
- فزیوتھراپسٹ جو بچوں کو چیزیں اٹھانے اور چلنے جیسی مہارتوں میں مدد دے سکتا ہے اور وہ خراب توازن اور پٹھوں کی کمزوری جیسے مسائل پر بھی کام کر سکتا ہے
- سپیچ پیتھالوجسٹ جو زبان کی نشوونما میں مدد دیتا ہے اور بولنے کے مسائل کا علاج کر سکتا ہے
- بچوں کا ماہر نفسیات جو مجموعی نشوونما کی نگرانی کر سکتا ہے اور رویّے یا جذبات کے مسائل سلجھا سکتا ہے
- آڈیالوجسٹ جو بچے کی سماعت کا جائزہ لے سکتا ہے اور سماعت کے بارے میں مشورہ دے سکتا ہے
- سپیشل ایجوکیشن ٹیچر جو ابتدائی بچپن میں اقدامات کا پروگرام فراہم کر سکتا ہے اور پری سکول اور سکول میں بچے کی مدد کر سکتا ہے۔

متعدّد شعبوں سے تعلق رکھنے والی ٹیم بچے کی اہلیتوں اور کمزوریوں کے بارے میں بات کرے گی اور ایک پلان بنانے کے لیے بچے کے گھرانے کے ساتھ کام کرے گی۔ اس میں یہ شامل ہونے کا امکان ہے:

- یہ طے کرنا کہ آپ سب سے پہلے کس سے رابطہ کریں گے
- پیش رفت دیکھنے کے لیے باقاعدہ وقفوں سے جائزوں کا پلان بنانا
- ابتدائی اقدامات کی کچھ خدمات۔

**تمام اپائنٹمنٹوں میں آپکی مدد کے لیے انٹرپریٹر (زبانی مترجم) دستیاب ہیں۔ حکومت لوگوں کو مفت انٹرپریٹر دلاتی ہے اور یہ آپکے NDIS پلان میں شامل ہو سکتا ہے۔**

Cerebral Palsy
ALLIANCE


### ہم سے رابطہ کریں:

1300 888 378 پر ہمیں فون کریں

ask@cerebralpalsy.org.au پر ہمیں ای میل کریں

cerebralpalsy.org.au دیکھیں